سوال

رمضان میں عمرہ حج کے برابر ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا احادیث سے یہ ثابت ہے کہ رمضان میں عمرہ حج کے برابر ہے؟ یا رمضان میں بھی اس کا ثواب دیگر تمام مہینوں کی طرح ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں صحیح مسلم میں ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

(عمرة فی رمضان تعدل حجة) (صحیح مسلم' الحج' باب فضل العمرة فی رمضان' ح:1256 والترمذي' الحج' باب ماجاء فی عمرة رمضان' ح:939 واللفظ لہ)

"رمضان میں عمرہ حج کے برابر ہے۔"

یعنی اس کا ثواب حج کے برابر ہے۔ اس کے یہ معنی نہیں کہ اگر آدمی نے حج نہ کیا ہو تو رمضان میں عمرہ کرنے سے اس سے حج ساقط ہو جائے گا جیسا کہ حدیث میں ہے کہ سورہ اخلاص ایک تہائی قرآن کے برابر ہے۔ لیکن یہ باقی قرآن سے انسان کو بے نیاز نہیں کر سکتی۔ نماز میں اگر کوئی شخص تین بار سورہ اخلاص پڑھ لے تو وہ سورہ فاتحہ سے بے نیاز نہیں ہو سکتا، اسی طرح اگر دس بار یہ پڑح لے:

(لاالہ الااللہ وحدہ لاشریک لہ' لہ الملک ولہ الحمد' وہو علی کل شئ ءقدیر) (صحیح مسلم' الذکر' باب فضل التہلیل والتسبیح والدعاء' ح:2693)

تو یہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد سے چار غلام آزاد کرنے کے برابر ہے، لیکن اگر کسی انسان پر گردن آزاد کرنا لازم ہو تو محض ان کلمات کا پڑھنا کفایت نہیں کرے گا۔ اس سے معلوم ہوا کہ کسی چیز کے برابر ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ اس سے کفایت بھی کر سکتی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی

فتویٰ کمیٹی